بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

نوٹیفکیشن برائے ری ایڈمشن

مورخہ 10-10-2018

نمبر **900**/رجسٹریشن/ایڈمشن سیل جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ گیارہویں جماعت سالانہ امتحان 2018ء میں کسی بھی مضمون/مضامین میں 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے/فیل/غیر حاضر/ریگولر/پرائیویٹ امیدواران مورخہ 07-11-2018 تک مضامین/گروپ/کمبینیشن تبدیل کر کے یا تبدیل کیے بغیر گیارہویں جماعت میں دوبارہ صرف ایک مرتبہ بہاول پور بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی تعلیمی ادارہ میں Re-Admit کیے جا سکیں گے۔ نیز درج بالا تفصیل کے مطابق سابقہ دو سال 2017ء اور 2018ء کے امیدواران صرف ایک مرتبہ گیارہویں جماعت میں ری ایڈمشن کے اہل ہونگے۔ 2017ء کے امتحان میں شمولیت اختیار کرنے والے امیدواران اس امر کا حلفیہ بیان بھی دیں گے کہ انہوں نے دوبارہ گیارہویں جماعت/بارہویں جماعت یا گیارہویں و بارہویں جماعت (مشترکہ) کا امتحان نہ دیا ہے نیز غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت ان کا نتیجہ منسوخ/کالعدم قرار دیا جا سکے گا۔

گیارہویں جماعت میں پاس طلباء/طالبات امتحان سالانہ 2018ء کے نتیجہ کی اشاعت کے 15 ایام کے اندر بغیر لیٹ فیس اور مزید 15 ایام کے اندر مبلغ-/200 یومیہ جرمانہ کے ساتھ اپنا رزلٹ/نتیجہ منسوخ/کینسل کروانے کیلئے درخواست بنام اسسٹنٹ کنٹرولر انٹر تعلیمی بورڈ بہاول پور تحریر کریں اور اس کے ساتھ مبلغ 50 روپے کا اسٹام پیپر (تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اول/سول جج) مع بنک چالان مبلغ-/500 روپے فیس برائے منسوخی رزلٹ کارڈ گیارہویں جماعت بورڈ ہذا کی انٹرمیڈیٹ برانچ کو ارسال کریں یا دستی جمع کروائیں۔ واضح رہے کہ درج بالا تفصیل کے مطابق نتیجہ کی اشاعت کے بعد رزلٹ منسوخ کروانے والے طلباء/طالبات مورخہ 07-11-2018 تک کسی بھی ادارہ میں آن لائن سسٹم کے تحت داخلہ/ری ایڈمشن کے اہل ہونگے۔ متعلقہ سربراہ ادارہ کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ فارورڈنگ لیٹر کے ساتھ ری ایڈمشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بمع ری ایڈمشن فیس کا کمپیوٹرائزڈ بنک چالان مورخہ 07-11-2018 تک دفتر ہذا کو ارسال کرے۔ مقررہ ایام کے بعد کسی بھی امیدوار کا نتیجہ منسوخ/کینسل نہیں کیا جائیگا۔ پاس رزلٹ کی منسوخی کے بعد سابقہ رجسٹریشن نمبر ہی برقرار رہے گا نیز طلباء/طالبات یہ سہولت ایک مرتبہ ہی حاصل کر سکتے ہیں اور گیارہویں جماعت پاس امتحان کا نتیجہ منسوخ کروانے والے امیدواران ہی اس کیٹگری میں ری ایڈمشن کے اہل ہونگے۔

Result.pk

ضروری تاکید

مورخہ 09-10-2018 سے مورخہ 07-11-2018 تک گیارہویں جماعت میں Re-Admit کیے گئے متذکرہ بالا کیٹگری کے تمام امیدواران کی ری ایڈمشن رجسٹریشن ریٹرن کی مورخہ 07-11-2018 تک یا اس سے قبل آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد ری ایڈمشن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع ری ایڈمشن فیس مبلغ-/1200 روپے فی امیدوار ترسیلی لیٹر کے ہمراہ دفتر ہذا (رجسٹریشن اینڈ ایڈمشن سیل) کو ارسال کریں۔ واضح رہے کہ مقررہ تاریخ تک امیدواران کی ری ایڈمشن فیس بنک میں جمع نہ کرانے اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی وفیس چالان دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ-/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ-/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (کالج/ہائیر سیکنڈری سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔

سیکریٹری

کاپی برائے اطلاع/ضروری کاروائی۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

(2) ڈائریکٹر تعلیم کالجز، بہاول پور ڈویژن بہاول پور۔

(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)۔

(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔

(5) داخلی تقسیم/نوٹیفکیشن فائل۔